## ایم کیوایم پاکستان اور بھارت کے درمیان دوستانہ تعلقات چاہتی ہے، فاروق ستار

## ممبئی اور کراچی کے صحافیوں نے دوستی کا راستہ مضبوط کرلیا اب باری سیاسی رہنماؤں کی ہے، پرکاش آکولکر

## متحدہ ملک کی بڑی جمہوری جماعت ہے، عوام کے درمیان دوستی کا رشتہ مضبوط ہے لیکن حکمرانوں میں یہ احساس کم ہے، طاہر حسن

## ایم کیوایم کی جانب سے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ممبئی پریس کلب کے صحافیوں کے اعزاز میں ظہرانے سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور حق پرست وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان اور بھارت کے تعلقات کی سب سے بڑی وکیل ہے، اب وقت آگیا ہے کہ پاک بھارت دوستی کو مزید پروان چڑھانے کیلئے پیپلز ٹو پیپلز اور میڈیا ٹو میڈیا رابطوں کو فروغ دیا جائے اور دونوں ممالک کے تعلقات اسی وقت بہتر ہوسکتے ہیں جب دونوں ممالک کے درمیان تجارت کو فروغ دیا جائے، تجارتی، معاشی تعلقات پائیدار اور دیرپا معاشی تعلقات کے بغیر پائیدار اور سیاسی تعلقات قائم نہیں ہوسکتے۔ پہلے سیاسی تعلقات پرزور ہوتا تھا اور اب معاشی تعلقات پرزور رہے گا تو سیاسی تعلقات میں بھی بہتری آئے گی۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ویژن ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان دوستی کے رشتے کو مضبوط سے مضبوط ہونا چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں بھارت کے شہر ممبئی سے آئے ہوئے ممبئی پریس کلب کے چیئر مین پرکاش آکولکر اور دیگر صحافیوں کے اعزاز میں ایم کیوایم کی جانب سے ظہرانے سے خطاب کے دوران کیا۔ قبل ازیں ظہرانے سے ممبئی پریس کلب کے چیئر مین پرکاش آکولکر، کراچی پریس کلب کے صدر طاہر حسن خان، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے بھی مختصراً خطاب کیا۔ تقریب میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائمخانی، اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، محترمہ نسرین جلیل، مصطفیٰ کمال، کنور خالد یونس، رضا ہارون، توصیف خانزادہ، سلیم تاجک، آنسہ ممتاز انوار، سیف یار خان، گلفراز خان خٹک، ایم کیوایم رہنما عامر خان، حق پرست وزراء، اراکین پارلیمنٹرین کے علاوہ ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان نے بھی شرکت کی۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم ایشیاء کی سب سے آرگنائزڈ سیاسی جماعت ہے اور اس کا ایک ماڈرن نیٹ ورک ہے۔ انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے ممبئی سے آئے ہوئے اپنے دوستوں کا خوش آمدید کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی تیسری بڑی سیاسی جماعت ہے اور صوبے کی دوسری بڑی جماعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کراچی پریس کلب کے آفس بیئرز کا شکریہ ادا کروں گا اور شعر پڑھا کہ ''چمن ہنس دیئے پھول مسکرائے...... بہت شکریہ آپ تشریف لائے''۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے لئے انتہائی خوشی کا موقع ہے۔ پاکستان اور ہندوستان کے تعلقات اہمیت کے قابل ہیں جس کو نے سمجھنے کی ضرورت ہے خاص طور پر آج کے اس پولیٹیکل اکنامک ایرایاء میں جہاں معیشت کو سیاست سے زیادہ اہمیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان اور بھارت کے درمیان دوستانہ تعلقات چاہتی ہے میں آپ کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ایک تو تعلقات کی بہتری، مثالی تعلقات کا قیام، دوستانہ تعلقات کا قیام، اچھے پڑوسی کے تعلقات کا قیام پاکستان اور بھارت خاص طور پر ان ممالک کے عوام کا مستقبل ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اس خطے کے امن و استحکام اور تعمیر و ترقی کی بات کرتے ہیں تو وہ اصل میں عوام کا مقدمہ لڑتے ہیں۔ ہم خودمختاری، آزادی کی بات کرتے ہیں یہ جب ملے گی جب یہ خطہ آزاد ہوگا اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ایم کیوایم کا ویژن یہ ہے کہ اس خطے میں امن و استحکام ہونا چاہئے اور اس کیلئے ہمارے حکمرانوں اور سرکاروں کو آپس میں مذاکرات کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت کو فروغ دیا جائے، تجارتی، معاشی تعلقات پائیدار اور دیرپا معاشی تعلقات کے بغیر پائیدار اور سیاسی تعلقات قائم نہیں ہوسکتے۔ پہلے سیاسی تعلقات پرزور ہوتا تھا اور اب معاشی تعلقات پرزور رہے گا تو سیاسی تعلقات میں بھی بہتری آئے گی۔ ظہرانے سے ممبئی پریس کلب کے چیئر مین پرکاش آکولکر نے کہا کہ ممبئی پریس کلب اور کراچی پریس کلب نے دوستی کا ہاتھ بڑھا لیا ہے اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ اب باری سیاسی رہنماؤں کی ہے، پاک بھارت دوستی کا پیغام پوری دنیا میں جانے والا ہے اور عنقریب دونوں ممالک اٹوٹ دوستی کے بندھن میں بندھنے والے ہیں۔ پرکاش آکولکر نے ظہرانہ منعقد کرنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ اس طرح اسٹیج پر کھڑے ہوکر سیاستدانوں کی طرح تقریر کریں گے۔ صحافی کا کام محفل میں بیٹھ کر سیاسی رہنماؤں کی تقریر کو کور کرنا ہوتا ہے تاہم ایم کیوایم نے انہیں یہ عزت بخشی کہ وہ بڑے سیاستدانوں کی طرح اسٹیج پر کھڑے ہوکر بڑی محفل میں شرکاء سے خطاب کریں جس پر وہ ایم کیوایم کے بیحد مشکور ہیں۔ کراچی پریس کلب کے صدر طاہر حسن خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ عوام کے درمیان دوستی کا رشتہ مضبوط ہے لیکن حکمرانوں میں یہ احساس کم ہے، ایم کیوایم بڑی جمہوری جماعت ہے جس کے منتخب نمائندے اسمبلیوں میں موجود ہیں اور وہ بھی اس بات کے خواہش مند ہیں کہ دونوں ممالک کے درمیان دوستی ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اس مقام پر کھڑی ہے کہ وہ حکمرانوں کو اس جانب راغب کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ذاتی طور پر ایم کیوایم کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے بھارت سے آئے ہوئے مہمان صحافیوں کے اعزاز میں ظہرانہ منعقد کیا اور ان کا پرتپاک

استقبال کر کے عزت بخشی۔تقریب کے آغاز میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ومرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے ابتدائیہ کلمات ادا کرتے ہوئے کہا کہ مہمانان گرامی کی آمد پرشکریہ ادا کیا اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی یہ جدوجہد رہی ہے کہ دونوں ممالک ترقی کریں۔متحدہ قومی موومنٹ بحیثیت سیاسی جماعت اس بات کی کوشش رہی ہے کہ صحافی برادری زیادہ سے زیادہ اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا پیغام ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے اور اس نیٹ ورک کے توسط سے ہم آنیوالے وقت میں انقلاب کے ذریعے ملک کی باگ ڈور سنبھالیں گے۔پاکستان اور انڈیا کے صحافی اس دورے سے فائدہ اٹھائیں اور دونوں ممالک کے درمیان مفادات کا خیال رکھیں۔

## یقین نہیں آتا کہ اس چھوٹے سے گھر سے اتنی بڑی اور منظّم تحریک کا آغاز ہوا ہے، پرکاش آکولکر

## ممبئی پریس کلب کے صحافیوں کے اعزاز میں ایم کیوایم کی جانب سے ظہرانہ

## رابطہ کمیٹی کی جانب سے صحافی وفد کو نائن زیرو اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کرایا گیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے بھارت سے پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے ممبئی پریس کلب کے چیئرمین ودیگر صحافیوں 21 رکنی وفد کے اعزاز میں ظہرانہ پیش کیا گیا۔صحافیوں کے وفد میں ممبئی پریس کلب کے چیئرمین پرکاش آکولکر کے علاوہ مری تونجا باسو، چروہاس ستم، بینامینن، اوم پرکاش تیواڑی، سارنگ درشنے، نریش کماتھ، فوزان حسین، دیول کلکرنی، ہریش، نامبیر، جوتی شیلر، سریندر گنگن، ونو دمہانتا، ڈی کے رائیکار، نریش فرنانڈس، یوگیش نائک، لیلیٰ پی سلومن، اناپتا مکھرجی، بندہ این کمار، کملیش، سوتار، جیتن بابو ڈیسائی اور شیلانی نائیر شامل تھیں۔ظہرانے کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیزآباد میں غیر معمولی انتظامات کیے گئے تھے اور اس سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ میں دیدہ زیب وسیع پنڈال تیار کیا گیا تھا۔پنڈال میں سامنے کی جانب بڑی اسکرین لگائی گئی تھی جس پر ممبئی پریس کلب کے صحافیوں کو خوش آمدید تحریر تھا جبکہ صحافیوں کی نشستوں کیلئے گول ٹیبل لگائی گئیں تھیں۔پروگرام کا آغاز حسب روایات قرآن پاک کی آیات کی تلاوت سے ٹھیک 2 بجکر 30 منٹ پر ہوا، صحافیوں کے ظہرانے سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، ممبئی پریس کلب کے چیئرمین پرکاش آکولکر، کراچی پریس کلب کے صدر طاہر حسن خان اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ومرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے خطاب کیا۔ظہرانے میں نظامت کے فرائض شعبہ اطلاعات کے جوائنٹ انچارج قمر منصور نے انتہائی خوش اسلوبی سے انجام دیئے اور مہمانان گرامی کو مدعو کیا۔ظہرانے میں حق پرست منتخب عوامی نمائندوں، کراچی پریس کلب کے جنرل باڈی کے ارکان اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان نے بھی خصوصی طور پر میں شرکت کی۔اس موقع پر ممبئی پریس کلب کے صحافیوں کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے سوئنرز، سندھی ٹوپی اور اجرک کے تحائف پیش کیئے گئے جبکہ ممبئی پریس کلب کے صحافیوں نے بھی ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین، ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائمخانی کو شاعری کا مجموعہ مہاجر نامہ اور دیگر تحائف پیش کیے۔بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ممبئی پریس کلب کے صحافیوں کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ المعروف نائن زیرو، خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں قائم تنظیمی شعبہ جات کا تفصیلی دورہ بھی کروایا اور انہیں ایم کیوایم کے تنظیمی نیٹ ورک اور کاموں کی تفصیلات سے آگاہی فراہم کی۔اس موقع پر ممبئی پریس کلب کے چیئرمین پرکاش آکولکر اور دیگر صحافیوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں یقین نہیں آتا کہ اس چھوٹے سے گھر سے اتنی بڑی تحریک کا آغاز ہوا ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کے تنظیمی نیٹ ورک کی تعریف کی اور اسے سراہا۔

## رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ممبئی اور کراچی پریس کلب کے صحافیوں کو اعزازی سوینئر پیش کئے، سندھی ٹوپی اور اجرک کا تحفہ دیا

## ممبئی پریس کلب کے صحافیوں نے شعری مجموعہ ''مہاجر نامہ'' اور دیگر کتابیں رابطہ کمیٹی کو پیش کیں

کراچی۔۔۔18، نومبر 2011ء

ایم کیوایم کے زیراہتمام بھارت کے شہر ممبئی پریس کلب کے عہدیداران اور صحافیوں کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانہ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی اور رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین نے ممبئی اور کراچی پریس کلب کے صحافیوں کو اعزازی سونیئر پیش کئے اس موقع پر بھارتی صحافیوں کی جانب سے شعری کا مجموعہ ''مہاجر نامہ'' اور دیگر کتابیں رابطہ کمیٹی کو پیش کی گئیں۔ظہرانے کی تقریب کے اختتام پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ممبئی پریس کلب کے عہدیداران وصحافیوں کو سندھ کی ثقافت کے طور پر ''سندھی ٹوپی اور اجرک کا تحفہ دیا۔

## ایم کیوایم کے وفد کی عظیم روحانی پیشوا حضرت بہاؤالدین ذکریا اور حضرت شاہ رکن عالم کے مزار پر حاضری
## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

ملتان ۔۔۔18 نومبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے عظیم روحانی پیشوا حضرت بہاؤالدین ذکریا اور حضرت شاہ رکن عالم کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی ۔ وفد کے ارکان میں ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وسیم قریشی وارا کین صوبائی تنظیمی کمیٹی ،ایم کیوایم ملتان زون کے ارا کین بھی شامل تھے۔ بعدازاں وفد کے ارکان نے ملک کی بقاء وسلامتی ،امن وامان سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی

## الطاف حسین کا قصور یہی ہے کہ انہوں نے جا گیردارنہ وڈیرانہ نظام کے خلاف آواز بلند کی اور
## غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والوں کو ایوانوں میں بھیجا،شبیر احمد قائم خانی
## ایم کیوایم جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے کے مطابق 98 فیصد طبقے کی عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کرتی رہے گی،اسامہ قادری
## ایم کیوایم لاہور ڈسٹرکٹ کے زیراہتمام چرڑ گاؤں ڈیفنس لاہور میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب

لاہور۔۔۔۔18 نومبر 2011

متحدہ قومی موومنٹ صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اور سابق صوبائی وزیر شبیر احمد قائم خانی نے کہا ہے کہ پاکستان کی 64 سالہ تاریخ گواہ ہے کہ سوائے ایم کیوایم کسی بھی سیاسی ومذہبی جماعت نے آج تک غریب کارکن یا رعوام کو آج تک پارٹی ٹکٹ دے کر اقتدار کے ایوانوں میں نہیں پہنچایا اس کے برعکس انہوں نے بڑے بڑے جا گیرداروں اور سرمایہ داروں کو اسی اقتدار کے ایوانوں میں پہنچنے میں مدد کی ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے چرڑ گاؤں (ڈیفنس لاہور ) میں ایم کیوایم لاہور ڈسٹرکٹ کے زیراہتمام منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کے دوران کیا۔کارنر میٹنگ میں ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، لاہور زون کے جوائنٹ انچارج مبین الدین قاضی ایڈووکیٹ وارا کین زونل کمیٹی لاہور زون کے مختلف ڈسٹرکٹ کے کارکنان وعوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کا قصور ہی یہ ہی ہے کہ انہوں نے جا گیرداروں، وڈیروں کا ساتھ نہیں دیا بلکہ ایک عام کارکن، ہاری، کسان، محنت کش کے بیٹے کو ٹکٹ دے کر اس ملک کے اعلیٰ ایوانوں میں بھی پہنچایا جو آج بھی بلاامتیاز رنگ ونسل عوام کی خدمت کررہے ہیں ،جبکہ مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں نے عوام کی خدمت کرنے کے بجائے ملک کی دولت لوٹ کر بیرون ملک منتقل کرتے ہیں اور بینک بیلنس میں اضافہ کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ اس موقع پر اسامہ قادری نے کہا کہ آج ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ ہمیں جا گیرداروں کا ساتھ دے کر اپنی آنے والی نسلوں کو ان کا غلام بنائے رکھنا ہے یا پھر حق پرستوں کا ساتھ دے کر اس ملک سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جا گیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ہے تاکہ ہم اپنی آنے والی نسلوں کو ایک مستحکم اور ترقی یافتہ ملک دے سکیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے کے مطابق 98 فیصد طبقے کی عوام کے حقوق کے لئے آواز بلند کرتی رہے گی۔اس موقع پر چرڑ گاؤں کے رہائشیوں کی جانب سے ایم کیوایم کے ذمہ داران کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام 19 نومبر ہفتہ کو ’’سندھی ٹوپی اجرک ڈے‘‘ بھرپور انداز سے منایا جائے گا
## نائن زیرو پر تقریب منعقد ہوگی

کراچی۔۔۔18،نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 19 نومبر بروز ہفتہ کو ’’سندھی ٹوپی اجرک ڈے‘‘ بھرپور انداز سے منایا جائے گا۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر شام 4 بجے تقریب منعقد ہوگی۔تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارا کین، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی بھی شرکت کریں گے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت نیو کراچی میں امدادی تقریب کا انعقاد، لاکھوں مالیت کی امدادو سامان غرباء ومساکین میں تقسیم

## دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت ہی ایم کیوایم کا نصب العین ہے

## خدمت خلق فاؤنڈیشن ملک بھر میں عوام کی بلاامتیاز، رنگ ونسل اور زبان خدمت کررہا ہے

## ،ہماری کوشش ہے کہ عوام میں رہ کر عوام کے مسائل حل کریں اور سہولیات فراہم کریں

## صوبائی وزراء عادل صدیقی، شیخ محمد افضل، عبدالوسیم اور خواجہ اظہار الحسن کا نیو کراچی میں امدادی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

انسانیت کی بے لوث خدمت ہی ایم کیوایم کا نصب العین ہے ہمیں فخر اور ناز ہے کہ ہم عوام کے درمیان رہ کران کی خدمت کررہے ہیں کیونکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی نظر میں خدمت کے بغیر سیاست بے معنی اور کھلی منافقت ہے۔ان خیالات کا اظہار حق پرست صوبائی وزیر اور کے کے ایف کے ٹرسٹی عادل صدیقی، وزراء خالد عمر شیخ افضل، خواجہ اظہار الحسن اور عبدالوسیم نے جمعہ کی شب نیو کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام بڑے امدادی پروگرام سے خطاب کے دوران کیا۔امدادی پروگرام میں نیو کراچی اور قرب وجوار کے رہائشی عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر بیوواؤں ،یتموں، مساکین، معذوروں اور دیگر ضرورتمندوں میں نقد رقوم ،سلائی مشینیں، سائیکلیں، ویل چیئرز، زنانہ، مردانہ، بچکانہ ملبوسات اور راشن کے علاوہ دیگر امدادی سامان تقسیم کیا گیا جس کی مجموعی مالیت لاکھوں روپے بنتی ہے۔امدادی تقریب میں کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی واراکین، نیو کراچی سیکٹر کمیٹی کے انچارج واراکین کے علاوہ ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بھی شرکت کی۔اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ پاکستان کی کوئی سیاسی ومذہبی جماعت ایسی نہیں جس کا فلاحی ادارہ اتنے بڑے پیانے پر کام کررہا ہو جس طرح خدمت خلق فاؤنڈیشن کام کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کی بے لوث خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے اور یہی قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات بھی ہیں کیونکہ قائد تحریک کی نظر میں خدمت کے بغیر سیاست بے معنی اور کھلی منافقت ہے۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت آج ہم قائد تحریک الطاف حسین کے مشن ومقصد پر پوری طرح عمل پیرا ہیں اور دکھی انسانیت کی بے لوث و بلاامتیاز، رنگ ونسل خدمت کررہے ہیں جس کا آغاز جناب الطاف حسین نے 1978ء میں طلبہ تنظیم APMSO کی بنیاد کے ساتھ ہی کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن آج ایک تناور درخت کی شکل میں ملک کے گوشے گوشے میں کام کررہا ہے اور پورے ملک میں 70 ہزار سے زائد رضا کار دن رات عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہیں جس پر ہمیں فخر اور ناز ہے۔سونامی ہو، زلزلہ ہو، طوفانی بارشیں ہو، سیلاب ہو یا خشک سالی ہو یا پھر بیواؤں ،یتموں، مساکین، محتاجوں، معذوروں اور ضرورتمندوں کی امداد کا معاملہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی خدمات مثالی ہیں۔انہوں نے کہا کہ کے کے ایف پورے ملک میں عوام کی خدمت کررہی ہے ہماری کوشش ہے کہ عوام میں رہ کر عوام کے مسائل حل کریں اور سہولیات فراہم کریں۔آخر میں انہوں نے بیواؤں، یتموں، مساکین، ضروتمندوں، معذور اور ضرورتمندوں میں رقوم کے لفافے، پنکھے، سلائی مشینیں، سائیکلیں، ویل چیئرز، کمبل، زنانہ، مردانہ، بچکانہ ملبوسات، راشن بیگز اور دیگر امدادی سامان تقسیم کیا۔اس موقع پر عوام نے امدادی سامان کی فراہمی پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی صحت یابی کیلئے دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم صرف نعروں اور دعوں پر ہی نہیں بلکہ عملی جدوجہد پر یقین رکھتی، صلاح الدین

## متحدہ قومی موومنٹ پاکستان وہ واحد سیاسی جماعت ہے جو اصل میں ایک انقلابی تحریک ہے، وزیر زبیر احمد خان

## قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد کی بدولت اس ملک کی مظلوم عوام جلد اپنی منزل حاصل کرلیگی، ذوالفقار علی خانزادہ

## قائد تحریک الطاف حسین سندھ بھر میں امن واتحاد کی علامت ہے، رسول بخش میمن

## سیکٹرانچ کے زیراہتمام لطیف آباد میں عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں ہونے والے عوامی اجتماع سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔18 نومبر 2011ء

رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے کہا کہ حق پرست قیادت عوامی مسائل کے حل کے لئے پوری طرح کوشاں ہیں اور شہر میں جاری ترقیاتی کام اس کی عملی مثال ہے، انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نظام کے خاتمے کی وجہ سے بلاشبہ شہریوں کو کچھ پریشانیوں ودشواریوں کا سامنا ہے مگر بہت جلد انکی تمام پریشانیاں خوشحالی میں بدل جائیں گی، انہوں نے کہا ایم کیوایم

صرف نعروں اور دعوں پر ہی نہیں بلکہ عملی جدو جہد پر یقین رکھتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز سیکٹر انچارج کے زیر اہتمام لطیف آباد میں عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں ہونے والے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار علی خانزادہ،اراکین زونل کمیٹی مبین احمد،اقبال قریشی،رسول بخش میمن،حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین اور علاقے کے معززین وحق پرست عوام نے کثیر تعداد میں موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم سے قبل اسمبلی کے ایوان کی رکنیت غریب ومتوسط طبقے کے لئے ایک خواب تھا مگر قائدتحریک الطاف حسین کی فکر وجدو جہد نے اس خواب کو حقیقت میں بدل ڈالا اور یہی وجہ ہے کہ 60 سال سے غریب عوام کے حقوق پر قابض جاگیر دارانہ نظام کی حامی سیاسی و مذہبی جماعتیں ایم کیو ایم سے خوفزدہ ہیں،انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو کچلنے اور قائدتحریک کے چیپٹر کو کلوز کرنے کے لئے طاغوتی طاقتوں نے ظلم وجبر کے جو پہاڑ توڑے اس کی مثال پاکستان کی پوری تاریخ میں نہیں ملتی،لیکن تمام تر ظلم وبربریت کے باوجود نہ تو قائدتحریک الطاف حسین کا چیپٹر کلوز ہوسکا،اور نہ ہی ایم کیوایم کا وجود مٹانے میں کوئی آمر وجابر کامیاب ہوا یہ حق وسچ کی واضح دلیل ہے۔متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر زبیر احمد خان نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان وہ واحد سیاسی جماعت ہے جو اصل میں ایک انقلابی تحریک ہے۔انقلاب اس ملک کا مقدر ہے جس کی بدولت اس ملک کی غریب ومظلوم عوام اپنے جائز حقوق حاصل کر سکے گے،انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کی علمبردار تحریک کا نام ہے،اور اس نے ہر قسم کے حالات میں 98 فیصد عوام کے حقوق کی جدوجہد کو جاری رکھا۔عوامی اجتماع سے جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار علی خانزادہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین کی جدوجہد کی بدولت اس ملک کی مظلوم عوام جلد اپنی منزل حاصل کر لیگی۔انہوں نے کہا کہ MQM آج بھی قائدتحریک الطاف حسین کی قیادت میں پاکستان کے تمام صوبوں میں غریب عوام کے حقوق کی بحالی اور ان کی ترقی وخوشحالی کے لئے مصروف عمل ہے۔رکن زونل کمیٹی رسول بخش میمن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین سندھ بھر میں امن واتحاد کی علامت ہے انکی سیاسی بصیر کی بدولت آج سندھ میں امن قائم ہے مگر بدقسمتی سے نام نہاد سندھ کے دعوادار سندھ تباہ وبرباد کرنے کی کوشش میں مصروف عمل ہے مگر سندھ کی عوام اپنے اتحاد سے انکے ناپاک عزائم خاک میں ملادیگی۔عوامی اجتماع سے سیکٹر انچارج نے بھی خطاب کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ ایک محبّ وطن جماعت ہے،ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون

ٹنڈوالہ یار:18 نومبر 2011

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یار زون کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ وار اکین زونل کمیٹی نے کہاہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک محبّ وطن جماعت ہے اور ایم کیوایم کے کارکنان نے ملک کے خلاف کی جانے والی تمام تر سازشوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جانے کا عزم وحوصلہ رکھتے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہاہے کہ ضلع ٹنڈوالہ یار قائدتحریک الطاف حسین کے چاہنے والوں کا قلعہ ہے اور ٹنڈوالہ یار کی حق پرست عوام اپنے محبوب قائد کے لئے نازیبا کلمات استعمال کرنے والے جرائم پیشہ افراد کی زبانیں کھینچ لینے کی ہمت اور بھرپور طاقت رکھتے ہیں۔کروڑوں پاکستانیوں کے محبوب قائد کی جانب انگلیاں اٹھانے والے اپنے طرز عمل پر ایک مرتبہ پھر سے غور کرلیں تو بہتر ہے ورنہ ایسا نہ ہو کہ انہیں پچھتانے اور معذرت کرنے کا بھی موقع نہ ملے۔انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ گروہ کا سرغنہ ذوالفقار مرزا اور انکے حواری سندھ دشمن قوتوں کے پے رول پر کام کررہے ہیں۔جس کا مقصد سندھ میں بسنے والی مختلف لسانی اکائیوں کے درمیان نفرت اور بیگانگی کی دیواریں کھڑی کرنا ہے۔لیکن سندھ کی باشعور عوام نے سیاسی شعبدے بازی کے ذریعے معصوم لوگوں کے خون سے ہولی کھیلنے والوں کی تمام تر سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ بارشوں اور سیلاب کے دوران دبئی کے پرتعیش محلات میں عیش وعشرت کے دن گذارنے والے تندوتیز بیانات کے ذریعے عوام کی ہمدردی سمیٹنے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہیں۔لیکن سندھ کی عوام اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ قائدتحریک الطاف حسین اور انکے ہزاروں کارکنان نے مشکل لمحات میں نہ صرف انکی بھرپور طریقے سے دلجوئی کی بلکہ مشکل کے لمحات میں سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بجائے متاثرہ عوام کی فلاح وبہبود پر اپنی تمام تر توانائیاں صرف کیں۔انہوں چیف جسٹس آف پاکستان سے مطالبہ کیا کہ جرائم پیشہ افراد کے سرغنہ ذوالفقار مرزا اور انکے حامیوں کی جانب سے کراچی ایئرپورٹ پر اسلحے کی کھلے عام نمائش کا فوری نوٹس لیا جائے اور اسلحے کی نمائش کے ذریعے عوام میں خوف وہراس پھیلانے والے دہشت گردوں اور انکے سرغنہ کے خلاف دہشت گردی ایکٹ کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے۔

☆☆☆☆☆